| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____________ | ہفتہ: 6، دن: 1 | تاریخ: ____________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ثقافت (Culture) | سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے ثقافتی تنوع (مذہب، دست کاریاں، زبانیں، میلے اور تقریبات، لباس، تہوار، لوک گیت، پکوان اور آرٹ/فن) کو بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے پوچھیں:

الف: ثقافت سے کیا مراد ہے؟ ب: پاکستان میں متنوع ثقافتی گروہوں کے نام بتائیں؟

- طلبہ کو بتائیں آج ہم ثقافتی تنوع کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25 منٹ**

- طلبہ کو صفحہ نمبر 12 تا 13 مذہب، زبان اور لباس کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں مختلف علاقوں میں بسنے والے لوگوں کا ثقافتی انداز بھی ایک دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان کے ثقافتی تنوع میں مذہب، زبان اور لباس وغیرہ شامل ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں پاکستان میں اکثریت میں کون آباد ہیں؟ ان سے جوابات لیں اور حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں چونکہ مسلمان یہاں اکثریت میں ہیں لہٰذا اسلامی عقائد اور رسومات یہاں کی ثقافت کی بنیاد ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں ہماری قومی زبان کیا ہے؟ انھیں بتائیں زبان کسی بھی قوم کی پہچان اور اس کا ثقافتی اثاثہ ہے ملک بھر میں لوگ مختلف علاقائی زبانیں بولتے ہیں۔
- بورڈ پر مختلف صوبوں میں بولی جانے والی زبانوں کی فہرست بنائیں اور طلبہ کو خواندگی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان کا قومی لباس شلوار قمیص ہے اسے ملک بھر میں مختلف انداز سے زیبِ تن کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ موسمی حالات اور مذہبی ضرورتوں کو بھی پیشِ نظر رکھا جاتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

جماعت میں پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

صوبہ بلوچستان اور خیبر پختون خوا میں بولے جانے والی زبانوں کے نام بتائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 6، دن: 2 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے ثقافتی تنوع (مذہب، دست کاریاں، زبانیں، میلے اور تقریبات، لباس، تہوار، لوک گیت، پکوان اور آرٹ/فن) کو بیان کرسکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے پوچھیں پاکستان کا سرکاری مذہب کیا ہے؟
- پاکستان میں اُردو کے علاوہ اور کون کون سی علاقائی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
- پھلکاری سے کیا مراد ہے؟
- طلبہ کو بتائیں آج ہم ثقافتی تنوع کے بارے میں مزید پڑھیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 13 تا 14 متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈ دکھائیں اور متن کی مدد سے پکوان کی وضاحت کریں۔
- انھیں مختلف پکوانوں کے نام بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہر علاقے کے اپنے اپنے خاص پکوان ہوتے ہیں۔
- انھیں بتائیں فن تعمیر کے لحاظ سے ہر ملک کی اپنی خاص پہچان ہوتی ہے۔ دستکاریاں بھی ہماری ثقافت کی خاص پہچان ہیں۔ پاکستان کے مختلف علاقوں میں دستکاری سے بہترین اشیا تیار کی جاتی ہیں۔
- طلبہ کو مختلف دستکاریوں کے تصویری فلیش کارڈز جیسے بلوچی کڑھائی، سندھی اجرک، پشاوری قالین دکھا کر ان کی معلومات میں اضافہ کریں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

سوال نمبر 4 طلبہ سے کتاب پر حل کروائیں اور ان کی فہم کا جائزہ لیں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
| --- | --- | --- | --- |
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ____________ | ہفتہ: 6، دن: 3 | اُستاد کا نام: ____________ |

| سبق کا نام: ہمارا رہن سہن (Our Way of Life) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
| --- | --- |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے ثقافتی تنوع (مذہب، دست کاریاں، زبانیں، میلے اور تقریبات، لباس، تہوار، لوک گیت، پکوان اور آرٹ / فن) کو بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر / چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** **5منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے پوچھیں: کیا آپ کسی میلے پر گئے ہیں؟
- آپ کے علاقے میں کون سا میلہ مشہور ہے؟
- انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ میلے اور تہواروں کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25منٹ**

- طلبہ کو صفحہ نمبر 15 پر متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے میلے اور تہوار کا مطلب سمجھائیں۔
- انھیں پاکستان کے مختلف علاقائی تہواروں کے فلیش کارڈز دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں میلے اور تہوار قومی ثقافت کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔ پاکستان کے مختلف علاقوں میں بسنے والے لوگ اپنے علاقوں میں بہت سے تہوار اور میلے مناتے ہیں۔
- یہ میلے اور تہوار لوگوں کے باہمی میل جول اور روابط میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور مختلف کاروبار کا ذریعہ بھی بنتے ہیں۔
- انھیں بتائیں شندور پولو فیسٹیول گلگت بلتستان اور خیبر پختون خوا کا مشترکہ میلہ ہے جو دنیا کے بلند ترین مقام پر پولو گراؤنڈ میں منعقد کیا جاتا ہے۔

- اسکے علاوہ صوفیائے کرام کے مزارات پر عرس منائے جاتے ہیں ان میلوں میں رنگارنگ سرگرمیوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

طلبہ سے چند میلوں اور تہواروں کے نام پوچھیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق کے سوال نمبر 2 کا پہلا سوال طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کروائے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔